## سوال

منافقین کے نام

## جواب

منافقین کے نام السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مفتی صاحب یہ جو مشہور ہے کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقین کے نام لے لے کرانہیں مسجد سے نکال دیا تھا۔ کیا یہ سچ ہے اگر سچ ہے تو فرمائیں کہ کون کون سے نام تھے اوران کا ثبوت کیا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! میرے علم کے مطابق ایسی کوئی روایت ثابت نہیں ہے جس میں ایسا تذکرہ ہو، صرف ایک آدمی رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کا نام ملتا ہے، اس کے علاوہ نبی کریم نے کسی کے بارے میں نہیں بتایا کہ وہ منافق ہے۔ ہاں البتہ آپ نے صحابی رسول سیدنا حذیفہ بن یمان کو نام بتلائے تھے لیکن لوگوں کو بتانے سے منع فرما دیا تھا۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی